حکومتِ پنجاب، محکمہ زراعت

آسامیاں خالی ہیں

محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے تحت صوبہ بھر میں درج ذیل مستقل خالی آسامیوں پر تقرری کے لئے مطلوبہ تعلیمی معیار و پیشہ ورانہ قابلیت کے حامل امیدواران سے مورخہ **29-09-2017** تک درخواستیں مطلوب ہیں۔آسامیوں کے لحاظ سے مطلوبہ عمر کی حد اور تعلیمی قابلیت درج ذیل ہے۔

نام آسامی	بنیادی پے سکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی حد
سٹینوگرافر	14	10	ii۔ کسی منظور شدہ تعلیمی بورڈ سے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیم ہو۔ ii۔ انگلش شارٹ ہینڈ میں 80 الفاظ اور ٹائپنگ میں 35 الفاظ فی منٹ کی سپیڈ ہو۔ iii۔ ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جن کی اردو شارٹ ہینڈ میں 60 الفاظ اور ٹائپنگ میں 25 الفاظ فی منٹ کی سپیڈ ہو۔	18 تا 25
سپروائزر	11	64	میٹرک بمعہ زرعی انجینئرنگ، مکینیکل انجینئرنگ، آٹو اینڈ فارم مشینری یا سول انجینئرنگ میں پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے تین سالہ ڈپلومہ کا حامل ہو۔	20 تا 26
جونیئر کلرک	11	61	i۔ کسی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سے ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سیکنڈ ڈویژن)۔ ii۔ کمپیوٹر پر ٹائپ نویسی میں 25 الفاظ فی منٹ کی سپیڈ ہو۔ iii۔ ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جو کمپیوٹر پر مائیکروسافٹ آفس کا استعمال جانتے ہوں۔	18 تا 25
کمپیوٹر آپریٹر	11	1	گریجویٹ (سیکنڈ ڈویژن) اور چار ماہ کی کمپیوٹر زبان کی ٹریننگ کی ہو۔اسے کمپیوٹر صلاحیت کے ٹیسٹ میں کامیاب ہونا ہوگا۔	18 تا 25
ڈرائیور	4	42	پڑھا لکھا ہو، LTV لائسنس یافتہ اور پانچ سالہ ڈرائیونگ کا تجربہ رکھتا ہو۔	26 تا 35
راڈمین	1	64	صحت مند ہو۔	18 تا 25
نائب قاصد	1	29	پڑھا لکھا ہو۔	18 تا 25
چوکیدار	1	40	صحت مند ہو۔	21 تا 35
خاکروب	1	10	صحت مند ہو۔	18 تا 25

(1) یہ بھرتی حکومتِ پنجاب کی کنٹریکٹ پالیسی 2004 کے مطابق ابتدائی طور پر تین سالوں کیلئے ہوگی جس میں توسیع تسلی بخش کارکردگی کی بنیاد پر کی جائے گی۔(2) ان بھرتیوں میں محکمہ زراعت شعبہ اصلاح آبپاشی کے جاری "پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کا منصوبہ (PIPIP)" میں کام کرنے والے کنٹریکٹ ملازمین کو اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر ترجیح دی جائے گی اور انہیں سالانہ 2 کے حساب سے تجربہ کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ 10 تک اضافی نمبر دیئے جائیں گے۔(3) عمر کی بالائی حد میں گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت زیادہ سے زیادہ 5 سال تک کی رعایت دی جائے گی البتہ PIPIP کے کنٹریکٹ ملازمین کی عمر میں اُن کی سابقہ ملازمت کی بنیاد پر رعایت دی جائے گی۔(4) کنٹریکٹ ایک ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی یا ایک ماہ کے نوٹس پر کوئی وجہ بتائے بغیر منسوخ کیا جاسکے گا۔اسی طرح ملازمت چھوڑنے کی صورت میں ایک ماہ کی تنخواہ یا ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دینا لازمی ہوگا۔(5) کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی ہونے والے ملازمین پنشن، پراویڈنٹ فنڈ اور جی پی فنڈ کے حقدار نہ ہونگے اور نہ ہی ان کی تنخواہ میں سے اس مد میں کسی قسم کی کٹوتی کی جائے گی۔(6) کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ملازمین اسی یا کسی اور آسامی کیلئے مستقل ملازمت کا کسی قسم کا استحقاق نہیں رکھیں گے۔مزید برآں اس تقرری کی وجہ سے وہ سنیارٹی کے حقدار بھی نہ ہونگے۔(7) مروجہ قانون کے مطابق خواتین، ملازمین کے بچوں، معذور افراد اور اقلیتی کوٹہ پر بھرتیاں کی جائیں گی۔اور ان کوٹہ جات کے امیدواران درخواست پر واضح طور پر لکھیں۔(8) خواہشمند افراد سادہ کاغذ پر تحریر کردہ درخواستیں ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21۔ڈیوس روڈ، لاہور میں مقررہ تاریخ تک دفتری اوقات کے دوران پہنچ جانی چاہئیں۔(9) درخواستوں کے ساتھ ڈگریاں، سرٹیفکیٹ، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ کاپیاں اور دو عدد تازہ مصدقہ تصاویر لف ہوں۔(10) شعبہ اصلاح آبپاشی (PIPIP) کے ملازمین اپنے دفاتر کی وساطت سے درخواستیں ارسال کریں۔مزید برآں ان درخواستوں کے ہمراہ پانچ سالہ کارکردگی کی رپورٹ متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) سے تصدیق شدہ لف کریں۔(11) ٹیسٹ/انٹرویو کے لئے بعد میں علیحدہ اطلاع دی جائے گی۔ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے آنیوالے امیدواروں کو کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا اور انہیں انٹرویو والے دن اصل کاغذات پیش کرنا ہونگے۔(12) امیدواران کا انتخاب حکومتِ پنجاب کی بھرتی پالیسی جو کہ 17-09-2004 کو جاری ہوئی کے مطابق کیا جائے گا۔(13) امیدواران کا ڈومیسائل پنجاب کا ہونا ضروری ہے۔درخواستیں صرف بذریعہ ڈاک وصول کی جائیں گی۔(14) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

المشتہر

ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21۔ڈیوس روڈ، لاہور